روزنامہ

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 23 فروری 2008ء 15 صفر 1429 ہجری 23 تبلیغ 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 43

متقی اور پاک دل

حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ سے پوچھا گیا کہ لوگوں میں سب سے افضل کون ہے فرمایا۔ مخموم القلب اور صدوق اللسان کو تو ہم سمجھتے ہیں یعنی زبان کا سچا مگر مخموم القلب سے کون مراد ہیں۔ فرمایا وہ متقی اور پاک دل جس نے کوئی گناہ نہ کیا ہو۔ اس میں نہ کوئی سرکشی ہو اور نہ کینہ اور حسد ہو۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الزهد باب الورع حدیث نمبر 4206)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یقیناً یاد رکھو کہ گناہوں کا سیلاب اور نفسانی جذبات کا دریا بجز اس کے رک ہی نہیں سکتا کہ ایک چمکتا ہوا یقین اس کو حاصل ہو کہ خدا ہے۔ اور اس کی تلوار ہے جو ہر ایک نافرمان پر بجلی کی طرح گرتی ہے۔ جب تک یہ پیدا نہ ہو گناہ سے بچ نہیں سکتا۔ اگر کوئی کہے کہ ہم خدا پر ایمان لاتے ہیں اور اس بات پر بھی ایمان لاتے ہیں کہ وہ نافرمانوں کو سزا دیتا ہے، مگر گناہ ہم سے دور نہیں ہوتے۔ میں جواب میں یہی کہوں گا کہ یہ جھوٹ ہے اور نفس کا مغالطہ ہے۔ سچے ایمان اور سچے یقین اور گناہ میں باہم عداوت ہے جہاں سچی معرفت اور چمکتا ہوا یقین خدا پر ہو، وہاں ممکن نہیں کہ گناہ رہے۔

انسانی فطرت میں یہ خاصہ جبکہ موجود ہے کہ سچی معرفت نقصان سے بچا لیتی ہے جیسا کہ سانپ یا شیر یا زہر کی مثال سے بتایا گیا ہے کہ پھر یہ بات کیونکر درست ہو سکتی ہے کہ ایمان بھی ہو اور گناہ بھی دور نہ ہو۔ میں دیکھتا ہوں کہ ان فری میسنوں میں محض ایک رُعب کا سلسلہ ان کے اسرار کے اظہار سے روکتا ہے اور کچھ نہیں۔ پھر خدا کی عظمت و جبروت پر ایمان گناہ سے نہیں بچا سکتا؟ بچا سکتا ہے اور ضرور بچا سکتا ہے۔

پس گناہ سے بچنے کے لئے حقیقی راہ خدا کی تجلیات ہیں اور اس آنکھ کو پیدا کرنا شرط ہے جو خدا کی عظمت کو دیکھ لے اور اس یقین کی ضرورت ہے جو گناہ کے زہر پر پیدا ہو۔ زمین سے تاریکی پیدا ہوتی ہے اور آسمان اس تاریکی کو دور کرتا ہے اور ایک روشنی عطا کرتا ہے۔ زمینی آنکھ بے نور ہوتی ہے۔ جب تک آسمانی روشنی کا طلوع اور ظہور نہ ہو۔ اس لئے جب تک آسمانی نور جو نشانات کے رنگ میں ملتا ہے۔ کسی دل کو تاریکی سے نجات نہ دے انسان اس پاکیزگی کو کب پا سکتا ہے جو گناہ سے بچنے میں ملتی ہے۔ پس گناہوں سے بچنے کے لئے اس نور کی تلاش کرنی چاہئے جو یقین کی روشنی کے ساتھ آسمان سے اترتا ہے اور ایک ہمت، قوت عطا کرتا ہے اور تمام قسم کے گرد و غبار سے دل کو پاک کرتا ہے۔ اس وقت انسان گناہ کے زہرناک اثر کو شناخت کر لیتا اور اس سے دور بھاگتا ہے۔ جب تک یہ حاصل نہیں۔ گناہوں سے بچنا محال ہے۔

(ملفوظات جلد دوم ص 4)

نمایاں کامیابی

مکرم وسیم احمد ظفر صاحب مربی انچارج جماعت احمدیہ برازیل تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے بیٹے ندیم احمد طاہر واقف نو نے ہائی سکول کے تینوں سالوں میں بالترتیب 93,93,91 فیصد نمبر حاصل کئے اور اس طرح فائنل رزلٹ میں 92% کی اوسط سے نمبر لے کر اول پوزیشن حاصل کی ہے۔ 11 دسمبر 2007ء کو سکول کی طرف سے ڈپلومہ دینے کی یادگار تقریب میں سکول کی روایات کے مطابق اعزازی طور پر سٹیج پر بلانے اور حاضرین سے اپنے خیالات کا اظہار کرنے کیلئے لڑکوں میں سے اس کا انتخاب کیا گیا۔ اس موقع پر سکول کی ڈائریکٹر نے بطور خاص عزیزم ندیم احمد طاہر کی قابلیت کو سراہتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار کیا کہ اس نے اس سے قبل ایک پبلک سکول میں تعلیم حاصل کی تھی اور پھر وظیفہ حاصل کر کے ہمارے پرائیویٹ سکول میں جگہ حاصل کی اور اس میں ترقی کرتے ہوئے پہلی پوزیشنوں میں کامیابی حاصل کی جو کہ ایک نہایت غیر معمولی کارکردگی ہے نیز اس نے اس بات کا بھی اظہار کیا کہ موصوف ایک اچھے اور ابھرتے ہوئے پرتگیزی کے بہترین شاعر بھی ہیں۔ یاد رہے کہ یہ سکول Escola Ipiranga ہمارے شہر کا نمبر ایک اور برازیل کے چند بہترین سکولوں میں شمار ہوتا ہے۔ عزیزم مکرم الحاج مولوی محمد شریف صاحب مرحوم سابق اکاؤنٹنٹ جامعہ احمدیہ ربوہ کا پوتا ہے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے اور جماعت احمدیہ برازیل کیلئے یہ اعزاز بہت مبارک کرے اور آئندہ اس سے بھی زیادہ نمایاں کامیابیاں عطا کرے اور مقبول رنگ میں خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

سیمینار کمپیوٹر اینیمشن

طاہر کمپیوٹر انسٹیٹیوٹ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے زیر اہتمام مورخہ 24 فروری 2008ء کو ایوان محمود ربوہ میں شام پانچ بجے کارٹون و جنرل اینیمشن کے موضوع پر ایک سیمینار منعقد ہو گا۔ خواہشمند حضرات زیادہ سے زیادہ استفادہ فرمائیں۔

(انچارج طاہر کمپیوٹر انسٹیٹیوٹ ربوہ)

مشعل راہ

اپنے بھائیوں کی تکلیفوں کو دور کرو

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 12 ستمبر 2003ء میں فرماتے ہیں:۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے کسی ....کی دنیاوی بے چینی اور تکلیف کو دور کیا۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی بے چینیوں اور تکلیفوں کو اس سے دور کرے گا۔ اور جس شخص نے کسی تنگدست کو آرام پہنچایا اور اس کے لئے آسانی مہیا کی اللہ تعالیٰ آخرت میں اس کے لئے آسانیاں مہیا کرے گا۔ جس نے کسی ....کی پردہ پوشی کی اللہ تعالیٰ آخرت میں اس کی پردہ پوشی کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس بندے کی مدد پر تیار رہتا ہے جو اپنے بھائی کی مدد کے لئے تیار ہو۔ جو شخص علم کی تلاش میں نکلتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کا راستہ آسان کر دیتا ہے۔ جو لوگ اللہ تعالیٰ کے گھروں میں سے کسی گھر میں بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کی کتاب کو پڑھتے ہیں اور اس کے درس و تدریس میں لگے رہتے ہیں اللہ تعالیٰ ان پر سکینت اور اطمینان نازل کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت ان کو ڈھانپے رکھتی ہے، فرشتے ان کو گھیرے رکھتے ہیں۔ اپنے مقربین میں اللہ تعالیٰ ان کا ذکر کرتا رہتا ہے۔ جو شخص عمل میں سست رہے اس کا نسب اور خاندان اس کو تیز نہیں بنا سکتا۔ یعنی وہ خاندانی بل بوتے پر جنت میں نہیں جا سکے گا۔

(مسلم کتاب الذکر باب فضل الاجتماع علی تلاوۃ القرآن وعلی الذکر)

تو اس میں شروع میں جو بیان کیا گیا ہے وہ یہی ہے کہ لوگوں کے حقوق کا خیال اور یہ کہ تم اپنے بھائیوں کی بے چینیوں اور تکلیفوں کو دور کرو اور اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسی شفقت کا سلوک تم سے کرے گا اور تمہاری بے چینیوں اور تکلیفوں کو دور کرے گا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہم پر یہ احسان ہے۔ فرمایا کہ اگر تم چاہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ اپنی مغفرت کی چادر میں تمہیں ڈھانپ لے تو بے چین، تکلیف زدہ اور تنگدستوں کو جس حد تک تم آرام پہنچا سکتے ہو، آرام پہنچاؤ تو اللہ تعالیٰ تم سے شفقت کا سلوک کرے گا۔ اپنے بھائیوں کی پردہ پوشی کرو، ان کی غلطی کو پکڑ کر اس کا اعلان نہ کرتے پھرو۔ پتہ نہیں تم میں کتنی کمزوریاں ہیں اور عیب ہیں جن کا حساب روز آخر دینا ہوگا۔ تو اگر اس دنیا میں تم نے اپنے بھائیوں کی عیب پوشی کی ہوگی، ان کی غلطیوں کو دیکھ کر اس کا چرچا کرنے کی بجائے اس کا ہمدرد بن کر اس کو سمجھانے کی کوشش کی ہوگی تو اللہ تعالیٰ تم سے بھی پردہ پوشی کا سلوک کرے گا۔ تو یہ حقوق العباد ہیں جن کو تم ادا کرو گے تو اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے وارث ٹھہرو گے۔

پھر حدیث میں آتا ہے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ سے مال میں کمی نہیں ہوتی۔ اور جو شخص دوسرے کے قصور معاف کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ اسے اور عزت دیتا ہے اور کسی کے قصور معاف کر دینے سے کوئی بے عزتی نہیں ہوتی۔

(مسند احمد بن حنبل جلد 2 صفحہ 235)

پھر روایت ہے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رحم کرنے والوں پر رحمان خدا رحم کرے گا۔ تم اہل زمین پر رحم کرو۔ آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔

(ابو داؤد کتاب الادب باب فی الرحمۃ)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

’’اس بات کو بھی خوب یاد رکھو کہ خدا تعالیٰ کے دو حکم ہیں۔ اول یہ کہ اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو، نہ اس کی ذات میں نہ صفات میں نہ عبادات میں۔ اور دوسرے نوع انسان سے ہمدردی کرو اور احسان سے یہ مراد نہیں کہ اپنے بھائیوں اور رشتہ داروں ہی سے کرو بلکہ کوئی ہو۔ آدم زاد ہو اور خدا تعالیٰ کی مخلوق میں کوئی بھی ہو۔ مت خیال کرو کہ وہ ہندو ہے یا عیسائی۔ میں تمہیں سچ کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارا انصاف اپنے ہاتھ میں لیا ہے، وہ نہیں چاہتا کہ تم خود کرو۔ جس قدر نرمی تم اختیار کرو گے اور جس قدر فروتنی اور تواضع کرو گے اللہ تعالیٰ اسی قدر تم سے خوش ہوگا۔ اپنے دشمنوں کو تم خدا تعالیٰ کے حوالے کرو۔ قیامت نزدیک ہے تمہیں ان تکلیفوں سے جو دشمن تمہیں دیتے ہیں گھبرانا نہیں چاہئے۔ میں دیکھتا ہوں کہ ابھی تم کو ان سے بہت دکھ اٹھانا پڑے گا کیونکہ جو لوگ دائرہ تہذیب سے باہر ہو جاتے ہیں ان کی زبان ایسی چلتی ہے جیسے کوئی پل ٹوٹ جاوے تو ایک سیلاب پھوٹ نکلتا ہے۔ پس دیندار کو چاہئے کہ اپنی زبان کو سنبھال کر رکھے۔‘‘

(ملفوظات جلد 9 صفحہ 165)

(روزنامہ الفضل 13 جنوری 2004ء)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

تقریب آمین

۞ مکرمہ رضیہ درد عاطف صاحبہ تحریر کرتی ہیں۔

خاکسار کے بیٹے مکرم حامد مقصود عاطف صاحب مربی سلسلہ بورکینا فاسو کی چھوٹی بیٹی عزیزہ خلود عاطف کی تقریب آمین مورخہ 19 نومبر 2007ء کو جماعت احمدیہ بورکینا فاسو مغربی افریقہ کے خرید کردہ نئے قطعہ اراضی بنام بستان مہدی میں بعد نماز عشاء منعقد ہوئی۔ عزیزہ نے ساڑھے پانچ سال کی عمر میں اپنی والدہ محترمہ فرحت ریاض عاطف صاحبہ سے ناظرہ قرآن مجید کا دور مکمل کیا ہے۔ اس کی نانی خالہ محترمہ امۃ الحفیظ صاحبہ نے بچی سے قرآن کریم سنا بعدہ دعا بھی انہوں نے ہی کروائی۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ عزیزہ کو قرآن کریم پڑھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

سانحہ ارتحال

۞ مکرم محمد ادریس عابد صاحب سیکرٹری امور عامہ حلقہ سٹیل ٹاؤن کراچی تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی والدہ مکرمہ سارہ بیگم صاحبہ اہلیہ محترم محمد ابراہیم شاد صاحب آف چھور چک 117 سانگلہ ہل مورخہ 25 نومبر 2007ء کی شام کو مختصر علالت کے بعد ہسپتال میں رحلت فرما گئیں۔ والدہ محترمہ خدا کے فضل سے موصیہ تھیں۔ لہٰذا ان کی میت ربوہ پہنچائی گئی۔ مورخہ 27 نومبر کو بیت المبارک میں بعد نماز عصر محترم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے نماز جنازہ پڑھائی اور تدفین بہشتی مقبرہ میں عمل میں آئی۔ تدفین کے موقع پر محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے دعا کروائی۔ مرحومہ محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب مورخ احمدیت کی خوشدامنہ اور مکرم چوہدری محمد علی صاحب وکیل التصنیف تحریک جدید کی سمدھن تھیں۔ پسماندگان میں محترم والد صاحب کے علاوہ بشمول خاکسار 4 بیٹے اور 4 بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ مرحومہ کی ایک بیٹی (اہلیہ محترم دوست محمد شاہد صاحب) وفات پا چکی ہیں اور ایک بیٹا محمد الیاس عارف جوانی میں دوران فسادات 1974ء میں واہ ٹیکسلا کے مقام پر راہ مولیٰ میں قربان کر دیئے گئے تھے جو واہ فیکٹری میں ملازم تھے۔ مرحومہ مخلص احمدی تھیں اور ان کو خلافت احمدیہ سے والہانہ محبت تھی جس کا اندازہ ان کی اس خواہش سے لگایا جا سکتا ہے کہ آپ نے اپنی زندگی میں ہی ان کی وفات پر خلیفہ وقت سے نماز جنازہ غائب پڑھانے کی خواہش کا اظہار کیا تھا جس پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت ان کی اس خواہش کو پورا فرماتے ہوئے مورخہ 12 جنوری 2008ء کو صبح 10:15 بجے بیت الفضل لندن میں ان کی نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور بلند درجات سے نوازے۔ آمین نیز ہم سوگواران کو ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے خلافت سے والہانہ وابستگی کی توفیق دیتے ہوئے صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

درخواست دعا

۞ مکرم حافظ عبدالنور صاحب دارالعلوم غربی ربوہ اطلاع دیتے ہیں۔

ان کے چھوٹے بھائی عزیزم حارث احمد بعمر چار سال سردی لگ جانے کی وجہ سے بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے کامل شفایابی کیلئے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے۔

تبدیلی نام

۞ مکرم رفیع احمد صاحب ولد مکرم محمد شفیع صاحب سکنہ فیکٹری ایریا سلام ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میں نے اپنا نام محمد رفیع احمد سے تبدیل کر کے رفیع احمد رکھ لیا ہے آئندہ مجھے اسی نام سے لکھا اور پکارا جائے۔ شکریہ

اعلان دارالقضاء

(مکرم سعید اللہ خاں صاحب ترکہ مکرم احمد اللہ خاں صاحب)

۞ مکرم سعید اللہ خاں صاحب نے درخواست دی ہے کہ میرے بھائی مکرم احمد اللہ خاں ولد چوہدری علی احمد خاں صاحب وفات پا گئے ہیں ان کے نام

(1) قطعہ نمبر 1/32 محلّہ دارالرحمت ربوہ کل رقبہ دو کنال میں سے صرف 12 مرلہ ساڑھے 90 مربع فٹ الاٹ ہے۔

(2) ان کی امانت تحریک جدید میں 1,95,000 روپے (ایک لاکھ پچانوے ہزار روپے) موجود ہیں۔ مرحوم کا یہ ترکہ ان کے ورثاء میں (بحصص شرعی) تقسیم کر دیا جائے۔

جملہ ورثاء کی تفصیل

(1) مکرمہ شمیلہ بیگم صاحبہ (بیوہ)

(2) مکرم سعید اللہ خاں صاحب (بھائی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

روحانی طبیب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے

ڈاکٹرز اور اطباء کیلئے پرحکمت اور رہنما اصول

طبیب کیلئے مناسب ہے کہ اپنے بیمار کیلئے دعا کرے کیونکہ ذرہ ذرہ اللہ کے ہاتھ میں ہے

(مکرم حنیف احمد محمود صاحب)

(قسط اول)

طبیب، معالج، حکیم اور مسیحا کے الفاظ روحانی اور مادی دنیا میں یکساں طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ ایک روحانی طبیب اللہ تعالیٰ سے مدد لیتے ہوئے اخلاق حسنہ اور اپنے نمونہ سے مخلوق خدا کی تعلیم و تربیت اور اصلاح کرتا ہے جب کہ ایک مادی طبیب اور ڈاکٹر مخلوق خدا کی جسمانی بیماریوں کو علاج معالجہ سے درست کرتا ہے۔

روحانی دنیا میں روحانی طبیب اور مسیحا۔ انبیاء، صوفیاء اور مصلحین کی صورت میں آتے رہتے ہیں اور سب سے بڑے روحانی طبیب سیدنا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے جن کے ہاتھوں سے ہزاروں لاکھوں مریضوں نے شفاء پائی۔

حضرت مسیح موعود اپنے آقا و مولیٰ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اس قوت قدسیہ کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"یہ کیسی بدیہی اور صاف بات ہے کہ ایک طبیب اگر نا قابل علاج مریضوں کو اچھا کردے، تو اس کو طبیب حاذق ماننا پڑے گا۔۔۔ اسی طرح پر ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لاکھوں مریضان گناہ کو اچھا کیا۔ حالانکہ ان مریضوں میں سے ہر ایک بجائے خود ہزار ہا قسم کی روحانی بیماریوں کا مجموعہ اور مریض تھا جیسے کوئی بیمار کہے سر درد بھی ہے، نزول ہے، استسقاء ہے۔ وجع المفاصل ہے، طحال ہے وغیرہ وغیرہ تو جو طبیب ایسے مریض کا علاج کرتا ہے اور اس کو تندرست بنا دیتا ہے۔ اس کی تشخیص اور علاج کو صحیح اور حکمی ماننے کے سوا چارہ نہیں ہے۔ ایسا ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جن کو اچھا کیا ان میں ہزاروں روحانی امراض تھے جس جس قدر ان کی کمزوریوں اور گناہ کی حالتوں کا تصور کر کے پھر ان کی (۔) حالت میں تغیر اور تبدیلی کو ہم دیکھتے ہیں۔ اس قدر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت اور قوت قدسی کا اقرار کرنا پڑتا ہے"۔

(ملفوظات جلد 2 صفحہ 116-117)

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کامیابی اپنے اعلیٰ اخلاق اور اعلیٰ معیاری آداب سے حاصل کی ہے۔ اور مادی ڈاکٹرز، اطباء، حکماء اور Paramedical Staff کے لئے بطور نمونہ چھوڑے ہیں کہ مریض کے ساتھ کس طرح برتاؤ کیا جائے۔ اس کے ساتھ گفتگو کیسی ہونی چاہئے۔ وغیرہ وغیرہ کیونکہ شعبہ ڈاکٹری سے جتنے الفاظ کا تعلق ہے ان میں ہمدردی کا پہلو نکلتا ہے۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مادی اطباء اور ڈاکٹرز کے لئے جو نمونہ چھوڑا یا جو طریق اپنی سنت سے بطور رہنما اصول چھوڑے ان کا ذکر کرنے سے قبل میڈیکل شعبہ کے لئے استعمال ہونے والے الفاظ کے لغوی و اصطلاحی معنوں پر روشنی ڈالنی ضروری معلوم ہوتی ہے۔

نرس (Nurse)

نرس کے لغوی معنی سنبھالنے، دیکھ بھال اور نگہداشت کرنے کے ہیں۔ نرس بطور ماں کے ہے۔ جس طرح ماں کی گود میں بچہ پل رہا ہوتا ہے اسی طرح نرس کے ہاتھوں اس کی ہمدردی اور پیار بھرے سلوک سے مریض صحت یاب ہو رہا ہوتا ہے۔

کتب لغات میں نرس کے معنوں میں مزید لکھا ہے کہ کسی چیز کا محبت و ہمدردی کے ساتھ بطور خاص خیال رکھنا، خاص توجہ دینا، کسی کے ساتھ دل کی گہرائیوں سے ہمدردی کرنا، اور Nurse a fragile vase in one's arm ایک محاورہ ہے۔ جس سے بھی نرس کے معنی اُجاگر ہوتے ہیں۔ ایک خوبصورت نازک شیشے کے گلدان کو اپنی بانہوں میں اس طرح لینا کہ وہ محفوظ رہے اور ٹوٹنے نہ پائے۔ گویا ایک مریض، نرس بطور ماں کی بانہوں میں ایسے صحت یاب ہو رہا ہوتا ہے۔ جیسے ایک شیشہ اپنی نزاکت کے باعث کسی کی بانہوں میں محفوظ ہوتا ہے اور مریض کے ساتھ ایسے نرم لہجہ سے گفتگو کرنا اور نرم و نازک طریق پر dealing نرس کے فرائض میں شامل ہے کہ مریض کا دل نرس کی سختی کے باعث ٹوٹنے نہ پائے۔

نیز ایک دلچسپ معنی یہ لکھے ہیں کہ نرس کا لفظ جب Baby یعنی بچے کے لئے بولا جائے تو ماں سے Feed لینے کے معنی ہوں گے۔ اور جب ماں کے لئے بولا جائے تو بچے کو Feed دینے کے معنوں میں استعمال ہوگا۔

اور یہی وہ حقیقی صفت ہے جو ایک نرس میں موجود ہونی چاہئے۔ اور انہی معنوں کی مناسبت سے ایک نرس کا تعلق ہمدردی، پیار و محبت کے حوالہ سے سیدنا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اپنے خالق حقیقی اللہ تعالیٰ سے جاملتا ہے۔ کیونکہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی تو اللہ تعالیٰ کی مخلوق سے ماں، باپ جیسی شفقت رکھتے تھے اور آپ کی روحانی Feeding کے حوالے سے ہزاروں لاکھوں مریض صحت یاب ہوئے۔

اور پھر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وساطت سے اللہ تعالیٰ سے تعلق جاملتا ہے کیونکہ خدا تعالیٰ بھی 70 ماؤں سے زیادہ پیار کرتا ہے۔ جس طرح ایک ماں کی آل اولاد ہوتی ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو اپنی اولاد قرار دیتے ہوئے فرمایا ہے۔ الخلق عیال اللہ کہ مخلوق اللہ تعالیٰ کی عیال ہے اور مخلوق میں سے اللہ تعالیٰ کو وہ شخص سب سے زیادہ پیارا ہے جو اس کی عیال کے ساتھ اچھا ہے۔

ایک معنی تو اس کے ظاہر و باہر ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق جو اس کی اولاد ہے کے ساتھ ہمدردی اور شفقت کا سلوک کیا جائے مگر ایک معنی یہ ہیں۔ جس طرح خدا تعالیٰ اپنی مخلوق کی جو اس کی اولاد ہے پرورش کر رہا ہے نرس جو ماں کا درجہ رکھتی ہے مریضوں کو اپنی اولاد سمجھتے ہوئے نگہداشت کرے۔

ہسپتال

دوسرے لفظوں میں ربوبیت کے معنی پائے جاتے ہیں۔ اور ان عظیم معنوں کو سامنے رکھتے ہوئے اس شعبہ سے منسلک تمام افراد کو خدمت انسانیت کرنی چاہئے۔ ویسے بھی اس شعبہ سے منسلک افراد جیسے ڈاکٹر، طبیب، پیرامیڈیکل سٹاف جہاں خدمات سرانجام دیتے ہیں ان کو Hospitals یا Clinics بولتے ہیں اور ان الفاظ پر اگر غور کیا جائے تو ان میں بھی ہمدردی، پیار، ملنساری کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ Hospital کے معنوں میں لکھا ہے کہ ایسی جگہ جہاں لوگ (مریض) پہنچ کر خوشی محسوس کریں اور اپنے اندر تروتازگی پائیں۔ Hospitable اور Hospitality بھی ہاسپٹل سے ہی نکلے ہوئے الفاظ ہیں جن کے معنی کہ مہمانوں (مریضوں) کا خوش و خرم انداز میں استقبال کرنا اور ان سے دوستانہ اور مخلصانہ برتاؤ کرنا کہ وہ خود کو اپنے ہی گھر میں محسوس کریں۔

ان معنوں کو مدنظر رکھ کر کہا جا سکتا ہے۔

A good nurse or doctor is always hospitable to the patient

عیسائی دنیا میں نرس کا ایک مقام اور بھی ہے اور وہ اپنی ذمہ داریوں کو ان معنوں میں مبارک ذمہ داریاں سمجھ کر ادا کر رہی ہوتی ہے کہ حضرت عیسیٰؑ کا علاج ایک خاتون مریم نامی نے کیا تھا۔ اور تاریخ کا مطالعہ کر کے بھی یہ چیز سامنے آتی ہے کہ غزوات میں زخمی ہونے والے صحابہ کی مرہم پٹی بھی تو صحابیات ہی کرتی رہی ہیں۔ اس ناطے سے بھی یہ شعبہ بہت اہمیت کا حامل ہے۔

کلینک

کلینک (Clinic) کے لفظ میں بھی ہمدردی کا پہلو موجود ہے۔

ایسی جگہ جہاں سرد مہری دکھلائے بغیر مریضوں کو دیکھا جائے اور ان کے دکھوں کا مداوا کیا جائے۔

کلینک کے لفظ میں ایک اور اہم معنی بھی پائے جاتے ہیں چنانچہ لغات میں لکھا ہے کہ کلینک ایسی جگہ کو کہتے ہیں۔ جہاں طلبہ اپنے سے بڑے ڈاکٹرز یا پروفیسرز کو دیکھ کر معائنہ کرنا سیکھ رہے ہوں۔ لہٰذا کلینک میں موجود ڈاکٹرز اور اس شعبہ سے متعلق دیگر حضرات کو اعلیٰ اخلاق کا مظاہرہ کرنا چاہئے تا ان سے آئندہ نسل اچھے کام اور عمدہ اخلاق سیکھ کر خدمتِ انسانیت کر سکے۔ کلینکل (Clinical) جو صفت کے معنوں میں آتا ہے اسی مفہوم میں استعمال ہوتا ہے۔ کہتے ہیں۔

He watches one's suffering with clinical detachment

کہ اس نے مریض کا کلینک سے متعلقہ تمام آداب کو مدنظر رکھ کر معائنہ کیا۔

Paramedical Staff کی اصطلاح ہسپتالوں میں عام استعمال ہوتی ہے۔ اس کے معنوں میں جہاں ڈاکٹرز کے قریب رہنے کا مفہوم ہے وہاں اپنے مریضوں کے ساتھ بھی قریبی تعلق اور ہمدردی کو ظاہر کر رہا ہے۔ چنانچہ اس کے معنوں میں لکھا ہے۔ Near Beside کہ مریضوں کے ساتھ رہنا۔ ان کی دلجوئی کرنا۔ ان کی دیکھ بھال کرنا اور اپنے سے بڑے ڈاکٹرز اور سٹاف کے ساتھ شانہ بشانہ چلنا۔

غرض اس شعبہ سے متعلقہ تمام الفاظ کو جس جہت سے بھی دیکھیں اعلیٰ اخلاق سے مزین ایک فرشتہ صفت انسان کے روپ میں ڈاکٹرز یا سٹاف ممبر نظر آنے کی تلقین ملتی ہے۔

میڈیکل سے متعلقہ ان تمام الفاظ اور اصطلاحوں کو سامنے رکھ کر اب ہم دیکھتے ہیں کہ آقا و مولیٰ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ کون سے اخلاق، عادات اور وہ کون سے اطوار تھے جو آپ نے روحانی طبیب کے طور پر بطور نمونہ مادی اطباء و ڈاکٹرز کے لئے بطور رہنما اصول چھوڑے ہیں۔

مریضوں کیلئے دعا کرنا

ان میں سب سے پہلے دعا کا نمبر آتا ہے کہ ایک ڈاکٹر کو اپنے مریض کی شفایابی کے لئے دعا کرنی چاہیئے۔ راتوں کو خدا کے حضور گر کر یہ عرض کرنی چاہیئے کہ اصل شافی تو اللہ تعالیٰ ہے میرے نسخہ میں جو تیرے ہی دیئے گئے علم کے مطابق خاکسار تحریر کر رہا ہے یا کرنے لگا ہے یا کیا ہے۔ اس دوائی کے اثرات بیماری کی ماہیت سے مطابقت کر جائیں اور تو اپنے حکم سے اس میں شفا رکھ دے۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سلسلہ میں جو پہلا اصل مرحمت فرمایا وہ انت الرفیق واللّٰہ الطبیب کے الفاظ میں محفوظ ہے کہ ڈاکٹر کا کام تو رفیق یعنی دوست ہوتے ہوئے مریض کو اطمینان دلانا ہے اصل طبیب تو اللہ تعالیٰ ہے۔ (مسند احمد)

یہ دراصل قرآنی ارشاد و اذا مرضت فھو یشفین (الشعراء) کی تفسیر ہے، جس میں یہ اشارہ ہے کہ شفا خالصۃً اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔

یہی وجہ ہے کہ مسلمان اطباء اور ڈاکٹرز نسخہ لکھتے وقت نسخہ کی پیشانی پر ''ھوالشافی'' کے الفاظ لکھتے ہیں۔ اسلام آباد میں ایک ڈاکٹر اپنے طبع شدہ پیڈ پر ''ھوالشافی'' ہاتھ سے لکھا کرتے تھے۔ ایک دن میں نے ان سے دریافت کیا کہ جب سارا لیٹر پیڈ طبع شدہ ہے تو ''ھوالشافی'' بھی طبع کروا لیتے تو کیا حرج تھا تو کہنے لگا کہ جو درد ''ھوالشافی'' ہاتھ سے لکھنے کی وجہ سے دل میں پیدا ہوتا ہے اور اصل شافی اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ جاتی ہے۔ وہ ''ھوالشافی'' طبع کروا لینے سے ہرگز پیدا نہیں ہوسکتا۔ اور ہاتھ سے لکھنے کی وجہ سے اللہ کا قرب اور محبت میں اضافہ ہوتا ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''طبیب کے واسطے بھی مناسب ہے کہ اپنے بیمار کے واسطے دعا کیا کرے کیونکہ سب ذرہ ذرہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ خدا تعالیٰ نے اس کو حرام نہیں کیا کہ تم حیلہ کرو۔ اس واسطے علاج کرنا اور اپنے ضروری کاموں میں تدابیر کرنا ضروری امر ہے لیکن یاد رکھو کہ مؤثر حقیقی خدا تعالیٰ ہی ہے۔ اسی کے فضل سے سب کچھ ہوسکتا ہے۔ بیماری کے وقت چاہیئے کہ انسان دوا بھی کرے اور دعا بھی کرے۔ بعض وقت خدا تعالیٰ مناسب حال دوائی بھی بذریعہ الہام یا خواب بتلا دیتا ہے اور اس طرح دعا کرنے والا طبیب علم طب پر ایک بڑا احسان کرتا ہے۔ کئی دفعہ اللہ تعالیٰ ہم کو بعض بیماریوں کے متعلق بذریعہ الہام کے علاج بتا دیتا ہے۔ یہ اس کا فضل ہے۔''

(ملفوظات جلد 5 صفحہ 53)

پھر دعا کے نتیجہ میں امراض سے شفا پانے کے بارے میں تحریر فرماتے ہیں۔

''بیماریوں میں جہاں قضاء مبرم ہوتی ہے وہاں تو کسی کی پیش ہی نہیں جاتی اور جہاں ایسی نہیں وہاں البتہ بہت سی دعاؤں اور توجہ سے اللہ تعالیٰ جواب بھی دے دیتا ہے اور بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ مشابہ مبرم ہوتی ہے اس کے ٹلا دینے پر بھی خدا تعالیٰ قادر ہے۔ یہ حالت ایسی خطرناک ہوتی ہے کہ تحقیقات بھی کام نہیں دیتی اور ڈاکٹر بھی لاعلاج بتا دیتے ہیں۔ مگر خدا تعالیٰ کے فضل کی یہ علامت ہوتی ہے کہ بہتر سامان پیدا ہوتے جاویں اور حالت دن بدن اچھی ہوتی جاوے ورنہ بصورت دیگر حالت مریض کی دن بدن ردی ہوتی جاتی ہے اور سامان ہی کچھ ایسے پیدا ہونے لگتے ہیں کہ مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ اکثر ایسے مریض جن کے لئے ڈاکٹر بھی فتویٰ دے چکتے ہیں اور کوئی سامان ظاہری زندگی کے نظر نہیں آتے۔ ان کے واسطے دعا کی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ ان کو معجزانہ رنگ میں شفا اور زندگی عطا کرتا ہے گویا کہ مردہ زندہ ہونے والی بات ہوتی ہے۔''

(ملفوظات جلد 5 صفحہ 537)

پھر فرمایا:۔ ''جن امراض کو اطباء اور ڈاکٹر لاعلاج کہہ دیتے ہیں۔ ان کا علاج بھی دعا کے ذریعہ سے ہو سکتا ہے۔'' (ملفوظات جلد 4 صفحہ 256)

ڈاکٹری ایک معزز پیشہ ہے تاہم دوسرے پیشوں سے زیادہ جواب دہ بھی ہے کیونکہ ایک انسان کی زندگی اور موت کا معاملہ ہوتا ہے۔ اس لئے ایک معالج، طبیب اور ڈاکٹر کو اپنی سوچ اور خداداد علم کے مطابق نسخہ لکھ کر حقیقی شافی اللہ تعالیٰ کی طرف جھکنا چاہیئے اور اللہ کے حضور رونے کو پیشہ بنانا چاہیئے جیسا کہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔ ع

پیشہ ہے رونا ہمارا پیش رب ذوالمنن

ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھی اپنے روحانی مریضوں کی شفایابی اور ان کو انسان اور باخدا انسان بنانے کے لئے راتوں کو خدا کے حضور تضرع و انکسار سے جھکتے۔ ان کی خاطر روتے روتے ہنڈیا میں پانی کے ابلنے کی آواز کی طرح آواز پیدا ہوتی تھی۔ احادیث میں آتا ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی رات کو تین حصوں میں تقسیم کر رکھا تھا۔ پہلے حصہ میں عوام الناس میں بیٹھتے اور ان کی شکایات سنتے۔ دوسرا حصہ اپنی بیگمات ازواج مطہرات کے لئے وقف ہوتا اور آخری حصہ اپنے خالق حقیقی کے لئے وقف کرتے اور بیدار ہو کر اپنے روحانی مریضوں کے لئے دعائیں کرتے۔

ایک دفعہ حضرت مسیح موعود کے ہاں کوئی دوست تشریف لائے۔ طب پر بات شروع ہوگئی اس موقع پر آپ نے ایک معالج میں نیکی اور تقویٰ جیسے اوصاف کے حامل ہونے کا ذکر یوں فرمایا:۔

''طبیب میں علاوہ علم کے جو اس کے پیشہ کے متعلق ہے ایک صفت نیکی اور تقویٰ بھی ہونی چاہیئے ورنہ اس کے بغیر کچھ کام نہیں چلتا۔ ہمارے پچھلے لوگوں میں اس کا خیال تھا اور لکھتے ہیں کہ جب نبض پر ہاتھ رکھے تو یہ بھی کہے کہ (۔) (البقرہ: ۳۳) اے خداوند بزرگ ہمیں کچھ علم نہیں مگر وہ جو تو نے سکھایا۔

(ملفوظات جلد 5 ص 181)

پھر دعا کی طرف احسن رنگ میں یوں توجہ دلائی۔

''طب تو ظاہری محکمہ ہے۔ ایک اس کے وراء محکمہ پردہ میں ہے جب تک وہاں دستخط نہ ہو کچھ نہیں ہوتا۔''

(ملفوظات جلد 4 صفحہ 353)

اللہ تعالیٰ سے علم اور حکمت طلب کرنا ضروری ہے۔ آج بھی حضرت لقمان کی حکمت مشہور ہے اور پرانے معالج اور اطباء حضرت لقمان جیسی حکمت کے حصول کے لئے دعا بھی کیا کرتے تھے اور اس کے ساتھ ساتھ طب کے متعلق خود بھی جاننا اور تحقیق کرنا ضروری ہے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک موقع پر فرمایا:۔ (۔) کہ جس نے طب جانے بغیر علاج کیا وہ خود تکلیف پہنچنے کی صورت میں اس کا ذمہ دار ہے۔

(ابو داؤد۔ ابن ماجہ از طب نبوی اور جدید سائنس جلد اول صفحہ 20 از ڈاکٹر خالد غزنوی)

اس ناطہ سے علم الامراض و خواص الادویہ کا جاننا ضروری ہے۔

ڈاکٹر کے لئے اچھا سامع ہونا بھی ضروری ہے

ڈاکٹر کو مریض کی بات خوش اخلاقی کے ساتھ سننی چاہیئے۔ ایسا کرنے سے مریض کی آدھی کوفت جاتی رہتی ہے۔ آدھا مرض ٹھیک ہوجاتا ہے۔ مریض گوگاہک (Customer) تو نہیں ہوتا۔ اس شعبہ کا تعلق تو خالصتاً خدمت انسانیت سے ہے تاہم MBA کے کورس کا یہ اہم فقرہ مدنظر رہنا چاہیئے۔

Customer is always right

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اندر یہ بات کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی کہ آپ اپنے گرد جمع ہونے والے احباب کی بات بہت غور سے سنا کرتے تھے۔ اور کسی کی بات کو کاٹتے نہ تھے۔

(شمائل ترمذی باب ماجاء فی خلق الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ص 371)

تحمل اور بردباری سے جواب دینا

ایک ڈاکٹر کے لئے اچھا سامع ہونا ہی اچھا نہیں بلکہ روحانی طبیب حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نسخہ لکھتے وقت ہمدردی کے بول بولنا۔ تسلی دینا اور دعائیں دینا بھی ایک اچھے کامیاب ڈاکٹر کا خاصہ ہے۔ نسخہ لکھ کر ٹھہر ٹھہر کر مریض کو سمجھانے سے مریض کو حوصلہ ملتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بات کو دہرایا کرتے تھے۔ شمائل ترمذی میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے گفتگو کے انداز کے تحت لکھا ہے کہ آپ ایسا کلام فرماتے جو واضح اور ہر لفظ الگ الگ ہوتا۔ وسیع مطالب و معانی پر مشتمل ہوتا۔ آپ بات کو تین دفعہ دہراتے بلکہ اپنے ہاتھ کو اپنی بات کے مطابق حرکت بھی دیتے تا سامع بات کو اچھی طرح سمجھ سکے۔

(شمائل ترمذی باب کیف کان کلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ص 209)

اس سلسلہ میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک رہنما اصل ان الفاظ میں ملتا ہے آپؐ فرماتے ہیں:۔ کہ لوگوں سے ان کے معیار کے مطابق کلام کرو۔

غریب اور امیر کو برابری کی سطح پر دیکھیں

میڈیکل شعبے سے منسلک تمام افراد کو برابری کی سطح پر مریضوں کا معائنہ کرنا چاہیئے۔ مریض امیر ہو یا غریب ہو ایک ڈاکٹر اور نرس کے لئے برابر ہیں بلکہ غریب مریض کی دعائیں پیرامیڈیکل سٹاف کے لئے سرمایہ ہے۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے متعلق فرمایا کرتے تھے:۔ کہ مجھے غرباء اور کمزور طبقہ کے لوگوں میں تلاش کرو۔ (بخاری و ابوداؤد) تاریخ نے یہ ایمان افروز واقعہ محفوظ کیا ہے کہ ایک شخص اپنے گھر سے افراد خانہ کو یہ کہہ کر نکلا کہ اگر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) مجھے غرباء میں نظر آیا تو میں ضرور بیعت کرلوں گا۔ وہ جب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینے کی گلیوں میں ڈھونڈتا ہوا اسی جگہ پہنچا جہاں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم موجود تھے اور آپ کو غرباء اور کمزور طبقہ کے لوگوں کے جھمگٹے میں پایا تو فوراً لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھ کر مسلمان ہوگیا اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کا اظہار کرتا رہا۔ اسی طرح مسجد نبوی کی صفائی کرنے والی خاتون جب بیمار ہو کر وفات پاگئی اور صحابہؓ نے اسے دفنا دیا۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جب اس حادثہ کا علم ہوا تو فوراً اس کی قبر پر پہنچے اور دعا کی اور بار بار فرماتے تھے کہ مجھے کیوں نہیں بتلایا۔ مجھے کیوں نہیں بتلایا۔

ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ صاحب تحریر فرماتے ہیں:۔

میں ڈاکٹری کے امتحان میں کامیاب ہو کر قادیان گیا۔ چنانچہ مجھے ملازمت کا حکم بھی وہیں پہنچا۔ حکم لیتے ہی فوراً حضرت مسیح موعود کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ مجھے کوئی نصیحت فرمائیں۔ آپ نے فرمایا۔

''تمہارا تعلق لوگوں کے جسموں کے ساتھ ہوگا نہ ان کی روحوں کے ساتھ۔ اس لئے تمہاری نظر میں جو شخص تمام رات خدا تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے اور جو دن رات خدا کو گالیاں دیتا ہے ایک ہونے چاہئیں۔''

(الفضل 6 مئی 2000ء)

مریض کو سرسری نگاہ سے نہ دیکھنا چاہیئے

روحانی اور مادی طبیب میں ایک قدر مشترک یہ ہے کہ وہ کسی کو بھی سرسری نگاہ سے نہ دیکھے۔ دل کی

باقی صفحہ 6 پر

مجلس انصاراللہ برطانیہ کے زیر اہتمام
سالانہ اجتماع و مجلس شوریٰ 2007ء

رپورٹ: مکرم لطیف احمد شیخ صاحب

اللہ تعالیٰ کے خاص فضل و کرم سے مجلس انصاراللہ یوکے کو 26 تا 28 اکتوبر 2007ء کو بمقام بیت الفتوح سالانہ مجلس شوریٰ اور تین روزہ اجتماع منعقد کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ اجتماع میں شامل ہونے والے انصار کی کل تعداد 1230 تھی جبکہ کل 285 مہمانان نے بھی شرکت کی۔

مجلس شوریٰ

مورخہ 26 اکتوبر 2007ء کو صبح 10 بجے مجلس شوریٰ کی کارروائی صدر مجلس انصار اللہ برطانیہ محترم چوہدری وسیم احمد صاحب کی زیر صدارت شروع کی گئی۔ کارروائی کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ محترم صدر مجلس نے اپنے افتتاحی خطاب میں تمام شرکاء کو خوش آمدید کہتے ہوئے مجلس شوریٰ کی غرض وغایت اور اس کی اہمیت سے آگاہ کیا۔

محترم صدر مجلس کے خطاب کے بعد گزشتہ سالانہ شوریٰ میں منظور کی جانے والی تجاویز پر عملدرآمد کی رپورٹ تفصیل کے ساتھ پیش کی گئی۔ بعدازاں امسال کے لئے منظور کی گئی تجاویز پر غور کے لئے تربیت، دعوت الی اللہ اور مال کے شعبہ سے متعلق تین کمیٹیاں بنائی گئیں۔ اس کے بعد مجلس شوریٰ کے ایک اہم اجلاس کا آغاز امام بیت فضل لندن محترم عطاء المجیب راشد صاحب کی صدارت میں شروع ہوا جس میں آئندہ دو سالوں کے لئے صدر اور نائب صدر صف دوم مجلس انصار اللہ برطانیہ کے انتخاب کی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے طے شدہ اصول وضوابط کے تحت اس انتخاب کی کارروائی مکمل کی گئی بعدازاں جس کی تفصیل حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں بغرض منظوری پیش کی گئی۔ دوسرے دن محترم امام صاحب نے حاضرین اجتماع کو آگاہ کرتے ہوئے فرمایا کہ حضور انور نے آئندہ دو سالوں کے لئے مکرم ولید احمد صاحب بحیثیت صدر مجلس انصار اللہ برطانیہ اور مکرم ڈاکٹر منصور احمد ساقی صاحب بحیثیت نائب صدر صف دوم مجلس انصاراللہ برطانیہ کی ازراہ شفقت منظوری عطا فرمائی ہے۔

دوپہر کے کھانے اور نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد مجلس شوریٰ کی کمیٹیوں کے اجلاسات ہوئے۔ بعد ازاں محترم صدر صاحب مجلس شوریٰ نے اپنے اختتامی خطاب میں ممبران شوریٰ کا شکریہ ادا کرنے کے بعد فرمایا کہ امسال پیش کی جانے والی تجاویز کی روشنی میں شعبہ وصایا، قرآن کلاس اور نماز باجماعت کی ادائیگی کے لئے ایک مہم کی صورت میں مزید توجہ دینی ہوگی تاکہ ہم اپنی نسلوں کی بھی بہتر طور پر تربیت کے فرائض انجام دے سکیں۔

سالانہ اجتماع (افتتاحی اجلاس)

مورخہ 26 اکتوبر 2007ء کو بعد از مجلس شوریٰ مجلس انصار اللہ برطانیہ کے سالانہ اجتماع 2007ء کے افتتاحی اجلاس کے آغاز سے قبل لوائے احمدیت لہرانے کی تقریب منعقد کی گئی۔ امیر صاحب برطانیہ محترم رفیق احمد حیات صاحب نے لوائے برطانیہ لہرایا اور ساتھ ہی صدر مجلس انصار اللہ برطانیہ محترم چوہدری وسیم احمد صاحب نے لوائے احمدیت لہرایا۔ حاضرین اجتماع نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کئے جس کے بعد محترم امیر صاحب نے دعا کروائی۔ دعا کے بعد اجتماع کے پہلے اور افتتاحی اجلاس کی کاروائی کا باقاعدہ آغاز محترم امیر صاحب برطانیہ کی صدارت میں تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ محترم صدر صاحب مجلس انصاراللہ کی قیادت میں انصاراللہ کا عہد دہرایا گیا۔

نظم اور اس کے ترجمہ کے بعد صدر اجلاس محترم امیر صاحب نے افتتاحی خطاب فرمایا۔ محترم امیر صاحب نے اپنے خطاب کے بعد اجتماعی دعا کروائی۔ جس کے بعد ریجنل مشنری ساؤتھ ویسٹ ریجن مکرم مولانا مبارک احمد بسرا صاحب نے سیرت النبیؐ کے ایک پہلو ''رسول کریم ﷺ کا انداز تربیت'' کے موضوع پر تقریر کی۔ ریجنل مشنری اسکاٹ لینڈ مکرم مولانا محمد اکرم ملک صاحب نے ذکر حبیب کے حوالہ سے خلق اللہ کی ہمدردی، خدمت اور محبت کو بھی اجاگر کیا ان تقاریر کے بعد دعا سے اجتماع کا افتتاحی اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

ہفتہ 27 اکتوبر 2007ء کو بھی دن کا آغاز حسب روایت باجماعت نماز تہجد سے کیا گیا۔ نماز فجر ادا کی گئی۔ قرآن کریم کا درس دیا گیا۔

علمی مقابلہ جات

طاہر ہال بیت الفتوح میں ریجنل ناظم سکاٹ لینڈ مکرم مولانا غفار احمد عابد صاحب کی صدارت میں تلاوت قرآن کریم کا مقابلہ منعقد کیا گیا۔ اسی دوران بیت الفتوح کے ناصر ہال میں نظم اور فی البدیہہ تقاریر کے مقابلے منعقد ہوئے۔ بعد ازاں پیغام رسانی کا مقابلہ بھی کروایا گیا جس میں مختلف مجالس کے انصار نے حصہ لیا۔

ورزشی مقابلہ جات

بیت الفتوح کے سامنے والے گراسی میدان میں ورزشی مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا۔ ان میں ریجن کی سطح پر فٹبال، والی بال، رسہ کشی اور انفرادی سطح پر صف اوّل اور صف دوم میں گولہ پھینکنا اور سو میٹر دوڑ کے مقابلے شامل تھے۔ ان کے علاوہ 70 سال سے زائد عمر کے انصار کے لئے پچاس میٹر دوڑ کا ایک مقابلہ بھی کروایا گیا جو بہت ہی دلچسپ رہا۔

تربیتی فورم

ریجنل مشنری نارتھ ایسٹ ریجن مکرم مولانا نسیم احمد باجوہ صاحب کی زیر صدارت طاہر ہال میں تربیت فورم منعقد ہوا۔ ایڈیشنل قائد عمومی مکرم چوہدری محمد ابراہیم صاحب نے تقریر بر موضوع ''انبیاء کے متبعین اور ان کا عمل و کردار'' کی۔ قائد تربیت مکرم چوہدری اعجاز الرحمٰن صاحب نے تمام انصار کو تحریک کی کہ اپنی اپنی مجالس میں دوسرے انصار بھائیوں کو بھی حضور انور کی خواہش کے مطابق اس نظام میں شامل کرنے کی کوششیں کریں۔ مکرم مولانا ظہیر احمد خان صاحب نے ''نماز کی اہمیت'' کے عنوان پر تقریر کی اختتامی خطاب صدر مجلس مکرم مولانا نسیم احمد باجوہ صاحب نے فرمایا:۔

مجلس انصاراللہ برطانیہ کے تحت انٹرنیٹ پر جاری قرآن کلاس کے آرگنائزر مکرم ڈاکٹر امجد صاحب نے پروجیکٹر کی مدد سے حاضرین اجتماع کو اس کلاس میں شامل ہونے کے طریقہ کار کی وضاحت کی۔ انہوں نے اس کلاس کی افادیت کے بارے میں ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ یہ کلاس حضور انور کی خواہش ''گھر گھر قرآن کلاس ہونی چاہئے'' پر شروع کی گئی تھی۔ انہوں نے پرزور تحریک کرتے ہوئے تمام انصار سے درخواست کی کہ اس کلاس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور اپنے اہل خانہ سمیت اس کلاس میں شامل ہوں۔ اس کے بعد صدر مجلس مکرم مولانا نسیم احمد صاحب نے دعا سے اس اجلاس کا اختتام کروایا۔

دعوت الی اللہ فورم

بیت الفتوح میں محترم امام صاحب کی صدارت میں دعوت الی اللہ فورم منعقد ہوا۔ اس فورم میں حضرت مسیح موعود کے دو رفقاء کرام کی زندگی کے حالات اور ان کی دینی مساعی کو بیان کیا گیا۔ مکرم مولانا منیر الدین شمس صاحب نے اپنے والد محترم حضرت مولانا جلال الدین شمس صاحب اور مکرم ڈاکٹر سردار حمید صاحب نے اپنے دادا محترم حضرت سردار عبدالرحمٰن صاحب (مہر سنگھ) کے بارے میں اثر انگیز ذکر کرتے ہوئے چند ایمان افروز واقعات بیان کئے۔ قائد دعوت الی اللہ مکرم شیخ رفیق احمد صاحب نے دعوت الی اللہ کے مختلف طریقہ کار کے بارے میں بیان کیا۔ محترم امام صاحب کے اختتامی خطاب کے بعد دعا سے اس پروگرام کا اختتام ہوا۔

تقریب تقسیم عطیہ رقوم

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی خواہش کے احترام میں انصار اللہ کے زیر اہتمام ہر سال چیریٹی واک منعقد کی جاتی ہے جس میں برطانیہ کے تمام انصار ہزاروں پونڈز کے عطیہ جات جمع کرتے ہیں۔ ماہ جون 2007ء میں مجلس انصار للہ برطانیہ کی چیریٹی واک منعقد کی گئی جس میں محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایک لاکھ 20 ہزار پونڈز سے زائد کے عطیہ جات جمع کئے گئے۔ ان عطیہ جات کی رقوم کے چیک مختلف چیریٹی اداروں کے نمائندگان میں تقسیم کرنے کے لئے محترم امیر صاحب کی صدارت میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف اداروں کے نمائندگان کے علاوہ میئر آلٹن، میئر مرٹن، ممبر یورپین پارلیمنٹ کے علاوہ دیگر معززین نے بھی شرکت کی۔ محترم صدر صاحب مجلس انصاراللہ برطانیہ نے اپنے افتتاحی خطاب میں معزز مہمانان اور اراکین انصار اللہ کو خوش آمدید کہتے ہوئے تقریب کے حسن انتظامات پر انتظامیہ کا شکریہ بھی ادا کیا۔

نائب صدر صف دوم مجلس انصاراللہ برطانیہ محترم ولید احمد صاحب نے چیریٹی واک سے متعلق رپورٹ پیش کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس واک میں کل 1479 واکرز نے شرکت کی اور ایک لاکھ بیس ہزار پونڈز سے زیادہ کے عطیہ جات جمع کئے گئے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ساٹھ سے زائد بچے ایسے تھے جس میں سے ہر ایک نے ایک سو پونڈ یا اس سے زیادہ عطیہ جمع کیا۔ اسی طرح ستر سال سے زائد عمر کے ایک ناصر نے 1700 پاؤنڈز سے زیادہ کی رقم جمع کی۔ ریجن کی سطح پر سب سے زیادہ بیت الفتوح ریجن نے تیس ہزار پونڈز سے زائد رقم جمع کی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہدایات کی روشنی میں کہ برطانیہ کے چھوٹے چھوٹے چیریٹی اداروں میں عطیہ جات کی رقوم تقسیم کی جائے۔ بعدازاں مختلف چیریٹی اداروں کے نمائندگان میں عطیہ جات کی رقوم کے چیک تقسیم کئے گئے جن میں ہیومینیٹی فرسٹ، ایج کنسرن انگلینڈ، واٹر ایڈ لائف، ایج کنسرن ہمپشائر، آلٹن کمیونٹی سینٹر، میئر آلٹن چیریٹی، ہیومینیٹی فرسٹ (فیڈ اے فیملی پروگرام، لرنر سکلز اور مسرور سیکنڈری سکول گیمبیا)، الزہیمر ز سوسائٹی، ہیلپ دی ایج انگلینڈ، ہیلپ دی ایج فار ویلز، ہوم اسٹارٹ، کنگز لے سینٹر، این سی ایچ (برسٹل، مانچسٹر، بریڈفورڈ)، فلز ٹکویل ہوسپائس، رائل کاؤنٹی ہسپتال سرے، سٹریتھ کیلون ٹاکنگ نیوز پیپر اور ووڈ لینڈ ٹرسٹ شامل ہیں۔ اس طرح کل انیس چیریٹی اداروں میں ایک لاکھ اکیس ہزار پانچ سو پونڈز کی رقم تقسیم کی گئی۔ ہر نمائندے نے دنیا بھر میں جماعت احمدیہ اور

ہیومینیٹی فرسٹ کے تحت انسانیت کی خدمت کے لئے ہونے والے امدادی کاموں کی تعریف کی اور اسی طرح ہر سال انصار اللہ کی چیریٹی واک، اس میں شامل افراد کی تعداد اور حسن انتظامات کے لئے بھی توصیفی کلمات ادا کئے۔ اسی طرح میئر آلٹن، میئر مرٹن، ممبر یورپین پارلیمنٹ اور ایک پولیس نمائندہ نے بھی اپنے مثبت خیالات کا اظہار کیا۔

محترم امیر صاحب کے اختتامی خطاب کے بعد دعا سے یہ اجلاس اختتام پذیر ہوا۔ جس کے بعد تمام حاضرین اجتماع اور مدعو کئے گئے معزز مہمانان کی خدمت میں پر تکلف عشائیہ دیا گیا۔

28۔ اکتوبر 2007ء کو بھی دن کا آغاز حسب روایت باجماعت نماز تہجد سے کیا گیا۔ نماز فجر کے بعد قرآن کریم کا درس دیا گیا۔

علمی مقابلہ جات کا دوسرا سیشن

علمی مقابلہ جات کے دوسرے اجلاس میں مقابلہ تقریر اور دینی معلومات پر مشتمل ایک کوئز پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس سیشن کی صدارت ریجنل ناظم سکاٹ لینڈ محترم عبدالغفار عابد صاحب نے کی۔ کوئز پروگرام میں حصہ لینے والے انصار نے حاضرین کو ایک سخت اور دلچسپ مقابلہ دیکھنے کا موقع فراہم کیا۔

نظام خلافت کی برکات

دوپہر بارہ بجے محترم مولانا مرزا نصیر احمد صاحب کی صدارت میں ایک اجلاس کا انعقاد ہوا جس کا موضوع تھا ''نظام خلافت کی برکات'' پروگرام کی پہلی تقریر میں مکرم مولانا لئیق احمد طاہر صاحب نے حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کے دور خلافت میں خلافت کے قیام اور استحکام کے لئے کی جانے والی کوششوں کا ذکر فرمایا۔ مکرم مولانا اخلاق احمد انجم صاحب نے اپنی تقریر میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے دور میں منکرین خلافت کے لئے کئے جانے والے اقدامات کا ذکر کیا۔ مکرم مولانا منور احمد خورشید صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ ہمارا فرض ہے کہ نہ صرف ہم اپنے بلکہ اپنے بچوں کے دلوں میں بھی خلافت سے محبت پیدا کریں۔ آخر میں صدر مجلس محترم مولانا مرزا نصیر احمد صاحب نے اختتامی خطاب میں مجلس انصار اللہ برطانیہ کے زیر انتظام ہونے والی انٹرنیٹ پر ترجمۃ القرآن کلاس میں حاضرین اجتماع کو شامل ہونے کی بھرپور تحریک کی۔ ان کے خطاب کے بعد دعا سے اس اجلاس کا اختتام ہوا۔

اختتامی اجلاس

پروگرام کے مطابق اس اختتامی اجلاس میں حاضرین اجتماع نے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دیدار کی سعادت اور ان کی بابرکت نصائح سے مستفید ہونا تھا لیکن حضور انور کی علالت کی بناء پر محترم امیر صاحب برطانیہ کی صدارت میں یہ اختتامی اجلاس شروع کیا گیا۔

محترم صدر صاحب نے ہارٹلے پول بیت کے فنڈز میں ہونے والی ایک لاکھ پچاس ہزار پونڈز کی کمی کو حضور انور کی خواہش کے مطابق مجلس انصار اللہ کے ذریعہ پورا کرنے کی تحریک کرتے ہوئے اس بات کا اعادہ فرمایا کہ انشاء اللہ تعالیٰ تمام انصار خلافت کی برکتیں حاصل کرنے کی خاطر اس کی ادائیگی بھی جلد از جلد کرنے کی بھرپور کوششیں کریں گے۔

اس کے بعد محترم امیر صاحب اور محترم صدر صاحب مجلس انصار اللہ نے علمی و ورزشی مقابلہ جات میں ریجنل اور انفرادی سطح پر اوّل دوم سوم پوزیشن حاصل کرنے والے انصار کو انعامات دیئے۔ امسال کی چیریٹی واک کے لئے زیادہ سے زیادہ عطیہ جات کی رقوم جمع کرنے، اجتماع میں صد فیصد حاضری کا ٹارگٹ پورا کرنے، شعبہ مال میں مقررہ ٹارگٹ پورا کرنے اور دوران سال مجموعی طور پر بہترین کارکردگی دکھانے والی مجالس اور ریجن کو انعامات سے نوازا گیا۔ امسال کے علم انعامی کے لئے مجلس ٹوٹنگ کا بہترین کارکردگی کی بنیاد پر انتخاب کیا گیا۔

تقریب تقسیم انعامات کے بعد محترم صدر صاحب مجلس انصار اللہ نے اجتماع کی رپورٹ پیش کی۔ محترم امیر صاحب نے اپنے خطاب میں بچوں کی تربیت پر زور دیا اور تعمیر بیوت الذکر کے لئے مالی قربانی پیش کرنے کی تحریک فرمائی۔ جس کے بعد دعا سے اس خوبصورت اور بابرکت اجتماع کا اختتام ہوا۔

شعبہ قیام اور ضیافت

اجتماع میں شامل ہونے والے لندن سے باہر کی مجالس کے انصار کا بیت الفتوح میں قیام رہا جس کے لئے انہیں ہر ممکن سہولت فراہم کی گئی۔ حاضرین اجتماع کے لئے کھانے کی بہترین تیاری 'پر ذائقہ پکوائی، بروقت رسد وترسیل اور برقی تقسیم طعام میں شعبہ ضیافت کے کارکنان نے بہت ہی جانفشانی، محنت اور حسن خلق کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کیں۔ اللہ تعالیٰ ان تمام رضا کاران کو اپنے خاص فضلوں سے نوازے۔ نیز اللہ تعالیٰ اس اجتماع کو کامیاب بنانے والے تمام کارکنان کو اپنے خاص فضلوں سے نوازے اور انہیں مزید بہتر رنگ میں خدمت دین کی توفیق بھی عطا فرمائے۔ آمین

ہم وہ ہیں

ہم وہ نہیں کہ جن سے زمینیں وفا کریں
ہم وہ ہیں جو کہ فضل پہ ذکرِ خدا کریں

☆

ہم وہ نہیں خدا پہ جو رکھتے نہیں یقین
ہم وہ ہیں جو کہ جان بھی اس پہ فدا کریں

☆

ہم وہ نہیں جو عُسر پہ ہر عہد توڑ دیں
ہم وہ ہیں جو کہ صبر سے ہر التجا کریں

☆

ہم وہ نہیں خدا سے کریں جو شکایتیں
